# نوٹس برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہذامطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنی کا **59**واں سالانہ اجلاس عام، کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر، حبیب آباد کوہاٹ میں بروز جمعرات **24** اکتوبر **2019**ء کو صبح **11:00AM** بجے منعقد ہوگا۔

1۔ **19** اکتوبر **2018**ء کو منعقدہ سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق کرنا۔

2۔ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کے ساتھ سالانہ آڈیٹڈ مالیاتی تفصیلات **30** جون، **2019** پر غور کرنا اور اس کا حصول اور منظوری۔

3۔ مالی سال **2019-2020** کے لئے آڈیٹرز کا تقرر اور معاوضہ طے کرنا۔ بطور آڈیٹرز میسرز شائن ونگ حمید چوہدری اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ، لاہور نے خود کو دوبارہ تقرری کے لئے پیشکش کی ہے۔

4۔ صاحب صدر کی اجازت سے کسی دیگر امور پر غور وخوض۔

بحکم بورڈ

عابد رضا

کمپنی سیکریٹری

کوہاٹ

مورخہ: **30** ستمبر، **2019**

نوٹس:

1۔ کمپنی کی حصص منتقلی کی کتابیں **17** اکتوبر **2019**ء تا **23** اکتوبر **2019**ء (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ منتقلیوں کا حصول مینیجمنٹ اینڈ رجسٹریشن سروسز پرائیویٹ لمیٹڈ، بزنس ایگزیکٹو سنٹر، **F-17/3**، کلفٹن کراچی سے ہوگا۔ کمپنی کے شیئرز کا کاروبار کا اختتام **16** اکتوبر، **2019** کے لئے بروقت تصور ہوگا۔

2۔ اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا مستحق کوئی رکن اپنی بجائے شرکت اور ووٹ دینے کیلئے کسی دیگر رکن کو اپنا/ اپنی پراکسی مقرر کرسکتا/ کرسکتی ہے۔ پراکسی کی تقرری اجلاس کے وقت سے کم ازکم **48** گھنٹے قبل کمپنی کو لازماً وصول ہو جانی چاہئے۔

3۔ بصورت سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈر اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (**CNIC**) یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت ثابت کرنا ہوگی۔ بصورت کارپوریٹ اینٹٹی، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختارنامہ معہ نامزد کے نمونہ دستخط اجلاس کے وقت مہیا کرنا ہونگے۔

4۔ ممبران سے درخواست ہے کہ اپنے پتوں میں تبدیلی اگر کوئی ہو تو کمپنی کو فی الفور مطلع فرمائیں۔

5۔ ممبرز کو ویڈیو کال کانفرنس کی بھی سہولت میسر ہے۔ اگر کمپنی اجلاس کی تاریخ سے **7** دن پہلے ویڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں حصہ لینے کے لئے جغرافیائی مقام پر رہنے والے مجموعی **10%** یا اس سے زیادہ حصص رکھنے والے ارکان سے رضامندی حاصل کرتی ہے تو کمپنی اس شہر میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت مہیا کرے گی بشرطیکہ اس مقام / شہر میں متعلقہ سہولت میسر ہو، اس سلسلے میں مندرجہ ذیل فارم کو مکمل کریں اور کمپنی کے رجسٹرڈ پتہ پر ارسال کریں۔

میں / ہم ---------------- سکنہ ------------------------ بحیثیت رکن جانانہ ڈی مالوچو ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ، حامل ------------- عام حصص بمطابق رجسٹرڈ فولیو نمبر / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر ------- اس طرح ویڈیو کانفرنس کی سہولت بمقام ----------

-------------------

دستخط رکن

6۔ **24** اکتوبر، **2019** کو منعقد ہونے والی **AGM** کا جامع نوٹس **30** جون، **2019** کے اختتامی سال کے آڈٹ کردہ مالی تفصیلات کے ساتھ بھی ارسال کیا جا رہا ہے۔ یہ سہولت کمپنی کی ویب سائٹ **www.jdm.com.pk** پر بھی موجود ہے۔